Konnect by HBLیو ٹیلیٹی بِل پیمنٹ–حبیب بینک لمیٹڈ

Konnect by HBLیو ٹیلیٹی بِل پیمنٹ کمپین (”کمپین“) کے لیے شرائط و ضوابط

1. یہ شرائط وضوابط(”**شرائط وضوابط**“یا”T&Cs“)اُن کسٹمرز پر لاگو ہوں گی جو کمپین کے میکانزم کے مطابق کمپین میں حصہ لیں اور (درج ذیل) ٹرانزیکشن انجام دیں۔ جب آپ ٹرانزیکشن انجام دیتے ہیں تو یہ شرائط وضوابط آپ (”**آپ**“ یا ”**کسٹمر**“) اور حبیب بینک لمیٹڈ (”HBL“) کے درمیان معاہدہ تشکیل دیتی ہیں جس کے تحت آپ یہ شرائط وضوابط قبول کرتے ہیں اور ان کی پابندی پر اتفاق کرتے ہیں۔
2. کمپین کے عرصے کے دوران صرف USSD چینل (AMA) کے ذریعے یو ٹیلیٹی بل ادا (”**ٹرانزیکشن**“) کرکے کسٹمرز 30 روپے تک کا کیش بیک حاصل کریں گے۔
3. ہر بل کی کم از کم رقم 50 روپے ہونی چاہیے۔
4. جزوی ادائیگی کی اجازت نہیں ہے۔
5. کسٹمرز کمپین کے عرصے کے دوران صرف ایک بار انعام کے اہل ہیں۔
6. یہ کمپین ملک بھر میں تمام بجلی، انٹرنیٹ، گیس، لینڈلائن / ٹیلی فون، پانی اور سیوریج کے بِلوں کے لیے موثر ہے۔
7. کیش بیک کا انعام صرف Konnect by HBL کے کسٹمرز کی جانب سے انجام دی جانے والی ٹرانزیکشنز پر لاگو ہوگا۔
8. کیش بیک کا انعام اہل ٹرانزیکشن انجام دیے جانے کے ایک مہینے بعد کسٹمر کے اکاؤنٹ میں فراہم کردیا جائے گا۔
9. HBL کمپین کے لیے کمیونی کیشن کے مختلف طریقے استعمال کرسکتا ہے، جن میں سوشل میڈیا، ایپلی کیشنز، ایجنٹ لوکیشن، SMS وغیرہ شامل ہوسکتے ہیں۔
10. صرف وہی کسٹمرز کمپین کے لیے اہل ہوں گے جو کمپین کی اعلان کردہ پیشکش کے مطابق ٹرانزیکشن انجام دیں گے۔
11. اگر HBL میں کسٹمر کا اکاؤنٹ بند، بلاک، بلیک لسٹ (یا ان میں سے کچھ بھی) ہوگیا ہو تو کسٹمر فوراً نااہل ہوجائیں گے۔
12. HBL کسی بھی وقت کمپین ختم کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے اور HBL کی ویب سائٹ، یعنی https://www.hbl.com اور Konnect کا ویب پیج، یعنی https://www.hbl.com/personal/konnect اپڈیٹ کرتے ہوئے کسی بھی وجہ سے ان شرائط وضوابط میں کسی بھی وقت ترمیم کرسکتا ہے۔ کسٹمرز ایسی کسی بھی ترمیم کے پابند ہوں گے اور کسٹمرز کو اس کی اطلاع دی جائے گی تاہم انھیں بھی موجودہ شرائط وضوابط کا جائزہ لینے کے لیے وقتاً فوقتاً HBL کی ویب سائٹ اور Konnect کا ویب پیج وزٹ کرتے رہنا چاہیے۔
13. یہ کمپین صرف اُن اہل کسٹمرز کے لیے نافذ العمل ہے جو Konnect by HBL موبائل ایپلی کیشن استعمال کریں۔
14. یہ کمپین صرف پاکستان میں رہنے والے کسٹمرز کے لیے لاگو ہے۔
15. یہ کمپین محدود وقت کے لیے ہے اور 8 نومبر 2022ء سے 30 نومبر 2022ء (”**کمپین کا دورانیہ**“) تک موثر ہے۔
16. کسٹمرز کو Konnect by HBL (برانچ لیس بینکاری) کے شارٹ کوڈ 84251 اور HBL کے شارٹ کوڈ 42501 سے SMS وصول ہوسکتے ہیں۔

17. کسٹمرز کو اپنے اکاؤنٹس سے متعلقہ کوئی پن کوڈ، پاس کوڈ، پاس ورڈ، وغیرہ کسی کے بھی ساتھ ہرگز شیئر نہیں کرنا چاہیے۔

18. ان شرائط وضوابط کو قبول کرتے ہوئے، کسٹمر یہ بھی اتفاق کرتے ہیں کہ ٹرانزیکشن کی پروسیسنگ سے متعلق تمام فیصلوں میں حتمی فیصلہ سازی کا اختیار HBL کے پاس ہے۔

19. ان شرائط وضوابط کا انتظام اور تشریح پاکستان کے قوانین کے مطابق کی جائے گی۔